Australian Government

Fair Work OMBUDSMAN

غیر مستقل (کیژوئل) ملازمت کا معلوماتی بیان

آجروں پر لازم ہے کہ نئے غیر مستقل ملازمین کے کام شروع کرنے پر انہیں یہ دستاویز دیں۔
دیکھیں **www.fairwork.gov.au/ceis**

اہم: یہ بھی ضروری ہے کہ نئے غیر مستقل ملازمین کو **فیئر ورک معلوماتی بیان (Fair Work Information statement)** دیا جائے۔

دیکھیں **www.fairwork.gov.au/fwis**

غیر مستقل (کیژوئل) ملازم کون ہے؟

اگر آپ مندرجہ ذیل تمام تقاضے پورے کرتے ہوں تو آپ غیر مستقل ملازم ہیں:

- آپ کو ملازمت کی پیشکش ملی ہو
- آجر نے **کوئی پکا پیشگی وعدہ** نہ کیا ہو کہ کام غیر معیّنہ مدت تک ایک متفقہ معمول اور قابلِ پیش گوئی انداز کے مطابق جاری رہے گا، اور
- آپ یہ جانتے ہوئے پیشکش قبول کر لیں کہ **کوئی پکا پیشگی وعدہ نہیں کیا جا رہا** اور آپ ملازمت اختیار کر لیں۔

یہ غور آپ کو ملازمت کی پیشکش ملنے اور آپ کے ملازمت قبول **کرنے کے وقت** کیا جاتا ہے کہ آیا آپ غیر مستقل ملازم ہیں۔

'کوئی پکا پیشگی وعدہ نہ ہونے' کا کیا مطلب ہے؟

یہ طے کرنے کے لیے کہ آیا آپ کے آجر نے آپ کو ملازمت پیش کرتے ہوئے **کوئی پکا پیشگی وعدہ نہیں کیا تھا** صرف 4 عوامل پر غور کیا جائے گا۔

یہ عوامل یہ ہیں:

- آپ کا آجر آپ کو کام پیش کرنے کا انتخاب کر سکتا ہے اور کام کرنا یا نہ کرنا آپ کا انتخاب ہے
- آپ کو تب کام پیش کیا جائے گا جب آجر کو آپ کے کام کرنے کی ضرورت ہو
- آپ کی ملازمت کو کیژوئل یعنی غیر مستقل بیان کیا جاتا ہے
- آپ کو کیژوئل لوڈنگ یعنی بنیادی شرح تنخواہ کے اوپر اضافی ادائگی ملے گی کیونکہ آپ کو سالانہ چھٹیوں ،بیماری کی چھٹیوں کے اوردیگر استحقاق نہیں ملیں گےیا غیر مستقل ملازمین کے لیے مخصوص شرح پر اجرت ملے گی۔

کوئی 1 پہلو فیصلہ کن نہیں ہے اور 'کوئی پکا پیشگی وعدہ نہ ہونے' کے لیے ضروری نہیں ہے کہ آپ کے لیے یہ تمام 4 پہلو پورے پائے جائیں۔ یہ موجود عوامل پر (اور جو عوامل موجود نہیں، ان پر) موازنے کے ساتھ غور کرنے اور یہ طے کرنے کا معاملہ ہے کہ آیا مجموعی طور پر آپ کا آجر پکا پیشگی وعدہ کرنے کا ارادہ رکھتا تھا یا نہیں رکھتا تھا۔

'کوئی پکا پیشگی وعدہ نہ ہونے' کی مثال

پریا کو شاپ اسسٹنٹ کی نوکری کی پیشکش ملی ہے۔ اس ملازمت کو غیر مستقل اسامی کے طور پر مشتہر کیا گیا تھا۔

دکان کا مالک کہتا ہے کہ پریا کو دکان کے مصروف ادوار میں یا دوسرے عملے کے چھٹی پر ہونے کی صورت میں کام کرنا ہو گا۔ جب کاروبار کم ہو تو پریا کو کم کام ملے گا۔ پریا کو ایک ہفتہ پہلے شفٹیں پیش کی جائیں گی اور ہر ہفتے کی شفٹیں مختلف ہوں گی۔ اگر پریا چاہے تو وہ شفٹیں لینے سے انکار کر سکتی ہے۔ پریا کی تنخواہ کی شرح میں کیژوئل لوڈنگ شامل ہو گی۔ پریا نوکری قبول کر لیتی ہے۔

پریا کی صورتحال میں 'کوئی پکا پیشگی وعدہ نہیں' تھا۔ پریا کے آجر نے اسے مسلسل کام دینے کا وعدہ نہیں کیا تھا۔ دکان کے مالک نے واضح کیا تھا کہ پریا کی شفٹیں مختلف ہو سکتی ہیں اور پریا کے لیے شفٹیں قبول کرنا لازمی نہیں تھا۔ اس ملازمت کو غیر مستقل ملازمت کے طور پر مشتہر کیا گیا تھا اور پریا کو غیر مستقل ملازمین کے لیے شرح پر تنخواہ ملے گی۔ چونکہ پریا کو ملازمت کی پیشکش ملنے کے وقت یہ واضح تھا اور اس نے ملازمت قبول کر لی، اسے غیر مستقل ملازم تصوّر کیا جاتا ہے۔

نوٹ: کبھی کبھار غیر مستقل ملازمین کے کام کے گھنٹوں کا باقاعدہ اور قابلِ پیشگوئیٔ معمول ہوتا ہے۔ اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ وہ مستقل (کل وقتی یا جزوقتی) ملازم ہیں بلکہ مطلب یہ ہے کہ اگر یہ انتظام جاری رہے تو انہیں مستقبل میں (بالعموم 12 مہینے بعد) مستقل ملازم بننے کا حق حاصل ہو سکتا ہے۔

اگر میں غیر مستقل ملازم ہوں تو میں مستقل ملازم کیسے بن سکتا/سکتی ہوں؟

نیشنل ایمپلائمنٹ سٹینڈرڈز **(NES)** (National Employment Standards) کے تحت کچھ غیر مستقل ملازمین کو مستقل (کل وقتی یا جزوقتی) ملازم بننے کا حق حاصل ہے۔ اسے '(غیر مستقل سے) مستقل بننا' کہا جاتا ہے۔

کچھ غیر مستقل ملازمین کو ان کا آجر مستقل بننے کی پیشکش کرنے کا پابند ہے جبکہ کچھ غیر مستقل ملازمین صرف اس کی درخواست کر سکتے ہیں۔ ضروری ہے کہ آپ نے کام کے 12 مہینے مکمل کیے ہوں اور آپ دوسرے تقاضے پورے کرتے ہوں۔

اگلے صفحے پر وضاحت ہے کہ آپ کا آجر کب آپ کو مستقل بننے کی پیشکش کرنے کا پابند ہے اور آپ کو کب اس کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے۔

چھوٹے کاروبار

اگر آپ ایک **چھوٹے کاروبار** (15 سے کم ملازمین) میں ملازم ہیں تو آپ کا آجر آپ کو مستقل بننے کی پیشکش کرنے کا پابند نہیں ہے۔ تاہم پھر بھی بعض حالات میں آپ کو اس کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے۔

اگلے صفحے پر وضاحت ہے کہ اگر آپ چھوٹے کاروبار کے لیے کام کرتے ہیں تو آپ کو مستقل بننے کی درخواست کرنے کا حق کب حاصل ہوتا ہے۔

تحریری

NES کے تحت ضروری ہے کہ مستقل بننے سے متعلق تمام پیشکشیں، درخواستیں، انکار اور جوابات **تحریری**ہوں۔

'تحریری' میں ہاتھ سے لکھی، پرنٹ کی ہوئی اور الیکٹرانک (جیسے ای میل) اطلاعات شامل ہو سکتی ہیں۔

کچھ غیر مستقل ملازمین ایسے ایوارڈز اور ایگریمنٹس کے تحت آتے ہیں جن سے مستقل بننے کے اضافی حقوق ملتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے **www.fairwork.gov.au/casual** دیکھیں۔

مدد کی ضرورت؟

کیا آپ ٹھیک سے نہیں جانتے کہ آیا آپ کسی ایوارڈ یا ایگریمنٹ کے تحت آتے ہیں یا نہیں؟ **www.fairwork.gov.au/awards** اور **www.fairwork.gov.au/agreements** دیکھیں۔

کیا میرا آجر مجھے مستقل بننے کی پیشکش کرنے کا پابند ہے؟

صرف 15 یا اس سے زیادہ ملازمین والے کاروبار اپنے غیر مستقل ملازمین کو مستقل بننے کی پیشکش کرنے کے پابند ہیں۔ اگر آپ مندرجہ ذیل تمام تقاضے پورے کرتے ہیں تو آجر آپ کو **مستقل بننے کی پیشکش کرنے کا پابند ہے:**

- ✓ آپ کو اس کے پاس ملازمت کرتے ہوئے **12 مہینے** گزر چکے ہوں
- ✓ آپ نے کم از کم پچھلے **6 مہینے گھنٹوں کے ایک باقاعدہ معمول اور قابلِ پیش گوئی انداز** کے مطابق مسلسل کام کیا ہو اور
- ✓ آپ مستقل ملازم بن کر **زیادہ بڑی تبدیلیوں کے بغیر** گھنٹوں کے اسی معمول اور قابلِ پیش گوئی انداز کے مطابق کام جاری رکھ سکتے ہوں۔

اگر مندرجہ ذیل باتوں میں سے کوئی ایک آپ کے لیے اطلاق پاتی ہے تو آپ کا آجر آپ کو مستقل بننے کی **پیشکش کرنے کا پابند نہیں ہے:**

- ✗ ایسی **معقول وجوہ** موجود ہیں کہ آپ کا آجر آپ کو مستقل بننے کی پیشکش نہ کرے
- ✗ آپ نے پچھلے کم از کم 6 مہینے گھنٹوں کے باقاعدہ معمول کے مطابق کام نہیں کیا ہے۔

آپ کے آجر کو کیا کرنا ہو گا

- ***اگر آپ مستقل بننے کے اہل ہیں تو***۔ آجر کو آپ کے 12 مہینے پورے ہونے کے بعد 21 دنوں کے اندر آپ کو تحریری طور پر پیشکش کرنی ہو گی۔
- ***اگر آجر آپ کو مستقل بننے کی پیشکش نہ کر رہا ہو تو*** - اسے آپ کے 12 مہینے پورے ہونے کے بعد 21 دنوں کے اندر تحریری طور پر آپ کو اس کی وجوہ بتانی ہوں گی۔

آپ کو کیا کرنا ہو گا

- ***اگر آپ کا آجر آپ کو مستقل بننے کی پیشکش کرے تو*** - آپ کو 21 دنوں کے اندر تحریری جواب دینا ہو گا۔ آپ پیشکش قبول کر سکتے ہیں یا ٹھکرا سکتے ہیں۔
- ***اگر آپ کو مستقل بننے کی پیشکش نہ کیے جانے کے فیصلے سے اختلاف ہو تو*** -اگلے صفحے پر 'اگر کوئی اختلاف ہو تو؟' والے حصے میں بتائے گئے قدم اٹھائیں۔

'گھنٹوں کے باقاعدہ اور قابلِ پیش گوئی اندازکے معمول' کی مثال

ایلکس ایک غیر مستقل ملازم ہے جو باقاعدگی سے ہر جمعے اور ہفتے کی رات کو ایک ریسٹورنٹ میں کام کرتا ہے۔ اس کے گھنٹے اور دن نہیں بدلتے۔

6 مہینوں میں ایلکس نے بیماری کی وجہ سے 2 شفٹیں نہیں کیں۔ اپنے آجر کے ساتھ معاہدے کے مطابق وہ یونیورسٹی کے امتحانوں کے دوران 1 ہفتے کی چھٹی بھی لیتا ہے۔

اگرچہ ایلکس نے کچھ چھٹی لی ہے، اس کی صورتحال پھر بھی 'گھنٹوں کے باقاعدہ اور قابلِ پیش گوئی اندازکے معمول' کی تعریف پر پوری اترتی ہے

مزید معلومات

غیر مستقل ملازمت اور مستقل بننے کے متعلق مزید معلومات کے لیے
www.fairwork.gov.au/casual اور
www.fairwork.gov.au/casualconversion دیکھیں

کیا میں مستقل بننے کی درخواست دے سکتا/سکتی ہوں؟

اگر آپ مندرجہ ذیل تمام تقاضے پورے کرتے ہیں تو آپ کو مستقل بننے کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے:

- ✓ آپ نے اس کاروبار کے لیے کم از کم **12 مہینے اور 21 دن** کام کیا ہو (اگر آپ کسی **چھوٹے کاروبار** کے لیے کام کرتے ہوں تو 12 مہینے)
- ✓ آپ نے پچھلے کم از کم **6 مہینے** مسلسل بنیادوں پر**گھنٹوں کے باقاعدہ معمول اور قابلِ پیش گوئی انداز کے مطابق** کام کیا ہو۔
- ✓ آپ مستقل ملازم بن کر زیادہ بڑی تبدیلیوں کے بغیر گھنٹوں کے اسی معمول اور قابلِ پیش گوئی انداز کے مطابق کام جاری رکھ سکتے ہوں اور
- ✓ **پچھلے 6 مہینوں میں** آپ نے:
  - مستقل بننے کی پیشکش کو ٹھکرایا نہ ہو
  - آپ کو یہ نہ بتایا گیا ہو کہ آپ کو معقول وجوہ سے مستقل بننے کی پیشکش نہیں کی جا رہی ہے یا
  - آپ نے مستقل بننے کی درخواست نہ کی ہو جسے معقول وجوہ سے ٹھکرا دیا گیا تھا۔

آپ کو کیا کرنا ہو گا

- ***اگر آپ مستقل بننے کے اہل ہیں اور مستقل بننے کی درخواست دینا چاہتے ہیں تو*** - تحریری درخواست دیں۔

آپ کے آجر کو کیا کرنا ہو گا

- ***اگر آجر آپ کی درخواست قبول کر رہا ہو تو*** - اسے آپ سے بات کرنی ہو گی اور آپ کی درخواست ملنے کے بعد 21 دنوں کے اندر آپ کو تحریری جواب دینا ہو گا۔
- ***اگر آجر معقول وجوہ سے آپ کی درخواست پر انکار کر رہا ہو تو*** - اسے آپ سے بات کرنی ہو گی اور آپ کی درخواست ملنے کے بعد 21 دنوں کے اندر تحریری طور پر آپ کو انکار کی وجوہ بتانی ہوں گی۔ اگر 6 مہینے بعد آپ پھر سے تقاضے پورے کرتے ہوں تو آپ دوبارہ درخواست دے سکتے ہیں۔

'معقول وجوہ' سے کیا مراد ہے؟

کونسی وجوہ 'معقول وجوہ' شمار ہوتی ہیں، یہ آپ کے حالات اور آپ کے آجر کے حالات پر منحصر ہو گا۔

اس میں یہ شامل ہو سکتا ہے کہ اگلے 12 مہینوں میں:

- آپ کا عہدہ قائم نہیں رہے گا
- آپ کے کام کے گھنٹے بڑی حد تک کم ہو جائیں گے
- اس میں بہت تبدیلی آئے گی کہ آپ کے آجر کو کن دنوں یا گھنٹوں میں آپ کے کام کرنے کی ضرورت ہے اور آپ اس بدلے ہوئے شیڈول کے مطابق کام کرنے کے لیے دستیاب نہیں ہوں گے۔

معقول وجوہ میں یہ بھی شامل ہو سکتا ہے کہ پیشکش کرنا یا درخواست منظور کرنا کامن ویلتھ، سٹیٹ یا ٹیریٹری کے قانون کے تحت ملازمت دینے یا انتخاب کے عمل کی شرائط سے مطابقت نہ رکھتا ہو۔

اگر مستقل بننے کے متعلق میرا اپنے آجر سے اختلاف ہو تو؟

اگر مستقل بننے اور درخواست دینے (یا نہ دینے) یا پیشکش کرنے (یا نہ کرنے) کے اصولوں کے متعلق آپ اور آپ کے آجر کے بیچ اختلاف ہو تو آپ اختلاف حل کرنے کے لیے کچھ قدم اٹھا سکتے ہیں۔

آپ کے حالات پر منحصر، ممکن ہے کہ تنازعے کے عمل میں آپ کو کسی سے مدد یا نمائندگی مل سکے (اس میں آپ کی نمائندگی کا استحقاق رکھنے والی کسی یونین کی مدد بھی شامل ہو سکتی ہے)۔

قدم 1. پہلے چیک کریں کہ آیا آپ کسی **ایوارڈ یا ایگریمنٹ** کے تحت آتے ہیں۔ کیا آپ ٹھیک سے نہیں جانتے؟ **www.fairwork.gov.au/awards** اور **www.fairwork.gov.au/agreements** دیکھیں۔

- **اگر آپ کسی ایوارڈ یا ایگریمنٹ کے تحت آتے ہیں**تو آپ کو اس میں نیشنل ایمپلائمنٹ سٹینڈرڈز (National Employment Standards) (NES) سے متعلق تنازعات نبٹانے کے لیے بیان کردہ عمل کے مطابق چلنا ہو گا۔ اگر آپ کو مزید مدد کی ضرورت ہو تو نیچے 'کون مدد کر سکتا ہے' والا حصہ دیکھیں۔
- **اگر آپ کسی ایوارڈ یا ایگریمنٹ کے تحت نہیں آتے** تو قدم 2 پر چلے جائیں۔

قدم 2. اگر آپ کسی ایوارڈ یا ایگریمنٹ کے تحت نہیں آتے تو آپ کو چیک کرنا ہو گا کہ آیا آپ کے **معاہدۂ ملازمت** یا **کسی اور قسم کے تحریری معاہدے** میں NES یا مستقل بننے سے تعلق رکھنے والے تنازعات نبٹانے کا کوئی عمل شامل ہے۔

- **اگر ایسا عمل شامل ہو** تو آپ کو اس عمل کے مطابق چلنا ہو گا جو تنازعہ نبٹانے کے لیے اس میں بیان ہوا ہے۔ اگر آپ کو مزید مدد کی ضرورت ہو تو نیچے 'کون مدد کر سکتا ہے' والا حصہ دیکھیں۔
- **اگر ایسا عمل شامل نہ ہو تو** قدم 3 پر چلے جائیں۔

قدم 3. اگر **قدم 1** اور **قدم 2 میں بیان کردہ اختلافات کے حل کے عمل آپ کے لیے اطلاق نہیں پاتے** تو براہ راست اپنے آجر کے ساتھ بات کر کے اختلاف حل کرنے کی کوشش کریں (آپ نیچے لنک پر ہمارے مفت کورس استعمال کر سکتے ہیں جن سے آپ کو اس کام میں مدد ملے گی)۔ اگر آپ اس طرح مسئلہ حل نہ کر سکیں تو نیچے 'کون مدد کر سکتا ہے؟' حصے میں دیکھیں کہ آپ کو کہاں سے مدد مل سکتی ہے۔

بات چیت کےسلسلے میں مدد حاصل کریں

www.fairwork.gov.au/learning پر کام پر بات چیت (مستقل بننے کے متعلق بھی) میں مدد کے لیے ہمارے مفت آن لائن کورس دیکھیں۔

کون مدد کر سکتا ہے؟

اگر آپ معلومات یا مدد لینا چاہیں یا آپ کا تنازعہ حل نہ ہوا ہو تو ایک تیسرا فریق مدد کر سکتا ہے۔ آپ کی صورتحال اور اس پر منحصر کہ آپ مسئلہ کیسے حل کرنا چاہتے ہیں، آپ کو کچھ مختلف جگہوں سے مدد مل سکتی ہے۔

فیئر ورک اومبڈزمین، فیئر ورک کمیشن اور آسٹریلین بلڈنگ اینڈ کنسٹرکشن کمیشن مدد کر سکتے ہیں۔ بعض حالات میں آپ فیڈرل سرکٹ اینڈ فیملی کورٹ سے بھی مدد مانگ سکتے ہیں۔

فیئر ورک اومبڈزمین (Fair Work Ombudsman)	فیئر ورک کمیشن (Fair Work Commission)
• آپ کی ملازمت کی قسم (غیر مستقل یا مستقل) کے بارے میں معلومات اور مشورہ دیتا ہے • غیر مستقل ملازمین کے حقوق، تنخواہ اور استحقاقات کے بارے میں اور مستقل بننے کے استحقاقات کے بارے میں بھی معلومات اور مشورہ دیتا ہے • مفت کیلکولیٹرز، دستاویزات کے خاکے اور آن لائن کورس فراہم کرتا ہے • جائے کار پر مسائل دور کرنے میں مدد دیتا ہے • جائے کار کے قوانین نافذ کرتا ہے اور جائے کار کے قوانین توڑنے پر جرمانے طلب کرتا ہے۔	• مستقل بننے سے متعلق تنازعات سے نبٹتا ہے (اگر آپ براہ راست اپنے آجر کےساتھ تنازعات حل نہ کر پائیں تو) • ثالثی، مصالحت، سفارش کر کے یا رائے ظاہر کر کے آپ کا تنازعہ نبٹا سکتا ہے • اگر آپ اور آپ کا آجر متفق ہوں تو بحیثیت ثالث فیصلے (فریقین کو پابند کرنے والے فیصلے) کے ذریعے آپ کا تنازعہ نبٹا سکتا ہے
www.fairwork.gov.au - 13 13 94	**www.fwc.gov.au - 1300 799 675**

فیڈرل سرکٹ اینڈ فیملی کورٹ آف آسٹریلیا (سمال کلیمز کورٹ)

اگر آپ کے مستقل بننے کے تنازعے کا تعلق ان میں سے کسی معاملے سے ہو تو آپ فیڈرل سرکٹ اینڈ فیملی کورٹ کی سمال کلیمز کورٹ سے بھی مدد مانگ سکتے ہیں:

- آیا آپ وہ تقاضے پورے کرتے ہیں کہ آپ کا آجر آپ کو مستقل بننے کی پیشکش کرے
- آیا آپ مستقل بننے کی درخواست دینے کے تقاضے پورے کرتے ہیں
- آیا آپ کے آجر کے پاس مستقل بننے کی پیشکش نہ کرنے کی معقول وجوہ موجود ہیں
- آیا آپ کے آجر کے پاس آپ کی مستقل بننے کی درخواست نامنظور کرنے کی معقول وجوہ ہیں

www.fcfcoa.gov.au – 1300 352 000

اگر آپ کمرشل بلڈنگ انڈسٹری میں کام کرتے ہیں تو آسٹریلین بلڈنگ اینڈ کنسٹرکشن کمیشن مدد کر سکتا ہے۔

www.abcc.gov.au - 1800 003 338